# حبقّوق

## حبقوق کی خدا سے شکایت

۱ یہ وہ پیغام ہے جو حبقوق نبی کو دیا گیا تھا۔
۲ اے خداوند! میں کب تک روؤنگا اور تو اسے نہیں سنو گے؟ میں ظلم
کے بارے میں تیرے آگے چلاّتا رہا ہوں لیکن تونے کچھ نہیں کیا۔ ۳ لوگ
لُوٹتے ہیں اور دوسرے لوگوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ لوگ حجّت کرتے
ہیں اور جھگڑتے ہیں۔ اے خداوند تو مجھے اس طرح کے جھگڑے اور بحث و
مباحثہ کیوں دکھاتا ہے؟ ۴ شریعت کمزور ہے اور انصاف زوروں پر نہیں
ہے۔ شریر لوگ ہمیشہ صادقوں کے خلاف اپنے مقدمے ہمیشہ جیتتے ہیں۔
اس طرح شریعت کا خون ہورہا ہے۔

## حبقوق کو خدا کا جواب

۵ خداوند نے جواب دیا، "دوسری قوموں کو دیکھ۔ انہیں دھیان سے
دیکھ، تجھے تعجّب ہوگا میں تیرے ایّام میں ہی کچھ ایسا کروں گا کہ اگر کوئی
تجھ سے اس کا بیان کرے تو تو ہرگز باور نہ کرے گا۔ ۶ میں بابل کے
لوگوں کو ایک طاقتور قوم بناؤنگا۔ وہ بہت زیادہ ظالم اور بیقرار لوگ ہیں۔ وہ
ساری زمین پر چلیں گے۔ وہ ان گھروں اور شہروں کو فتح اور قبضہ کریگا جو ان
کے نہیں ہیں۔ ۷ بابل کے لوگ دوسرے لوگوں کو خوفزدہ کریں گے۔
بابل کے لوگ جو چاہیں گے ویسا کریں گے۔اور جہاں چاہیں گے وہاں
جائیں گے۔ ۸ ان کے گھوڑے چیتوں سے بھی تیز دوڑنے والے ہونگے
اور شام کو نکلنے والے بھیڑیوں سے بھی زیادہ خونخوار ہونگے۔ ان کے سوار
کودتے پھاندتے آئیں گے۔ وہ اپنے دشمنوں میں ویسے ٹوٹ پڑیں گے
جیسے آسمان سے کوئی بھوکا عقاب جھپٹا مارتا ہے۔ ۹ وہ سبھی جنگ کے
بھوکے ہونگے۔ ان کی فوجیں بیابان کی ہواؤں کی طرح سیدھے بڑھتے چلی
آئیں گی۔ بابل کے سپاہی انگنت لوگوں کو اسیر کر کے لے جائیں۔ اور وہ
ریت کے ذرّوں کی مانند بے شمار ہونگے۔

۱۰ "بابل کے سپاہی دوسری قوموں کے بادشاہوں کی ہنسی اڑائیں
گے۔ دوسری قوموں کے حکمراں ان کے لئے مذاق بن جائیں گے۔ بابل
کے سپاہی ہر ایک بلند قلعوں پر ہنسیں گے۔وہ لوگ دیوار کے مدِّ مقابل مٹّی
کا ایک ڈھلوان ٹیلہ بنائینگے۔ اور شہروں کو قبضہ کرلیں گے۔ ۱۱ پھر وہ
آندھی کی طرح بڑھیں گے دوسرے کے ساتھ لڑائی لڑنے کے لئے۔ بابل
کے وہ لوگ صرف اپنے زور کو ہی عبادت تصوّر کریں گے۔ لیکن وہ لوگ
قصوروار ٹھہریں گے۔"

## حبقوق کی دوسری شکایت

۱۲ پھر حبقّوق نے کہا،
"اے خداوند میرے خدا! اے میرے قدّوس! کیا تو ازل سے نہیں
ہے؟ ہم نہیں مریں گے خداوند تونے ان کو عدالت کے لئے ٹھہرایا ہے
اور اے چٹان تونے ان کو تادیب کے لئے مقرّر کیا ہے۔
۱۳ تیری آنکھیں بدی کو دیکھنے سے ایسے پاک ہیں کہ وہ بُرائی کو
دیکھ نہیں سکتا اور غلط کام ہوتے ہوئے دیکھنے کے لئے کھڑا نہیں ہوسکتا۔ تو
یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ تو دغا بازوں کو دیکھے اور کچھ نہ کرے۔اور جب ایک
بدکردار اپنے سے زیادہ صادق کو نگل جاتا ہے تب تُو کیسے خاموش رہ
سکتا ہے؟
۱۴ "تونے ہی لوگوں کو ایسے بنایا ہے جیسے سمندر کی انگنت مچھلیاں
اور جیسے وہ سمندر کے چھوٹے جاندار جن پر کوئی حکومت کرنے والا نہیں۔
۱۵ دشمن کانٹے اور جال سے انہیں پکڑ لیتا ہے۔ اپنے جال میں
اسے پھنسا کر دشمن انہیں کھینچ لے جاتا ہے اور دشمن اپنے اس پکڑ سے
مسرور ہوتا ہے۔
۱۶ اس لئے وہ اپنے جال کے آگے قربانیاں پیش کرتے ہیں اپنے
جال کے آگے اُسے تعظیم دینے کے لئے بخور بھی جلاتے ہیں جال کے وسیلہ
سے وہ اونچے معیار کی زندگی اور ذائقہ دار غذا سے مسرور ہوتے ہیں۔
۱۷ کیا وہ اپنے جال سے اسی طرح لگاتار دولت حاصل کرتے رہیں
گے؟ کیا وہ (بابل کی فوج) اس طرح لوگوں کو لگاتار بے رحمی سے تباہ کر
تے رہیں گے۔

۲ "میں پہرا کی چوکی پر اپنے آپ کو مقرّر کردونگا اور انتظار کرونگا
یہ دیکھنے کے لئے کہ خداوند مجھے کیا کہتا ہے۔ اور میں سنو گا کہ وہ
میری شکایت کا کیسے جواب دیتا ہے۔"

## خدا حبقوق کو جواب دیتا ہے

۲ خداوند نے مجھے جواب دیا، "میں تجھے جو کچھ رویا میں دکھاتا ہوں، تو
اسے لکھ لے۔ صاف صاف لکھ دے تاکہ لوگ آسانی سے اسے پڑھ سکیں۔

۳یہ پیغام اس خاص وقت کے بارے میں جو مستقبل میں آئیگا- یہ پیغام
آخری وقت کے بارے میں ہے جو ہو گا- یہ ایسا ظاہر ہو تا ہے جیسے ایسا
وقت بالکل کبھی نہیں آئے گا- لیکن صبر کے ساتھ اس کا منتظر رہ وہ وقت
آئے گا، وہ دیر نہیں کرے گا- ۴وہ جو نا امید ہوتا ہے اس پیغام کو نہیں
مانیگا لیکن صادق اپنے ایمان کی وجہ سے زندہ رہے گا-"
۵ "بلاشبہ دولت مغرور آدمی کو، اور پاتال کی طرح لالچی آدمی کو دھوکہ
دیتا ہے جو کہ کامیاب نہیں ہو گا- وہ موت کی طرح ہے جو کبھی آسودہ نہیں
ہو تا بلکہ وہ لالچ میں آکر سبھی قوموں اور لوگوں کو اپنے لئے جمع کر لیتا
ہے- ۶ یقیناً ہی یہ لوگ اس کی ہنسی اڑاتے ہوئے یہ کہیں گے، 'اس پر
افسوس جو اوروں کے مال سے مالدار ہوتا ہے- جو کتنے ہی لوگوں کو اپنے
قرض کے بوجھ تلے دباتا رہا ہے-'
۷ "اے انسان! تو نے لوگوں سے دولت اینٹھی ہے- ایک دن وہ
لوگ اٹھ کھڑے ہونگے اور جو کچھ ہو رہا ہے، انہیں اس کا احساس ہو گا اور پھر
وہ تیری مخالفت میں کھڑے ہو جائیں گے- تب وہ تجھ سے ان چیزوں کو
چھین لیں گے، تب بہت خوفزدہ ہو جائے گا- ۸ تو نے بہت سی قوموں کو
لُوٹا ہے- اس لئے وہ تجھ سے اور زیادہ لوٹیں گے- کیونکہ تو نے بہت سے
لوگوں کو ہلاک کیا ہے- تو نے ملکوں اور شہروں کو تباہ کیا ہے- تو نے وہاں
سبھی لوگوں کو مار ڈالا ہے- ۹ اسکا بُرا ہو گا جو ناجائز طریقے سے دولت مند
ہوتا ہے- ایسا آدمی اِس طرح کا کام کرتا ہے تاکہ وہ اپنی اونچی عمارت
میں محفوظ رہ سکے جہاں کوئی بُرائی واقع نہ ہو سکے- لیکن یقیناً بُرے واقعات
اس کے ساتھ ہونگے-
۱۰ "تو نے بہت سے لوگوں کو فنا کرنے کا منصوبہ بنا رکھا ہے-
اس سے تیرے اپنے لوگوں کی رسوائی ہو گی- اور تجھے بھی اپنی جان سے
ہاتھ دھونا پڑے گا- ۱۱ دیوار سے پتھر تیرے خلاف چلّائیں گے- اور
چھت کا شہتیر راضی ہو گا کہ تُو غلط ہے-
۱۲ "اسکا بُرا ہو جو شہر کو خونریزی سے اور بدکاری سے تعمیر کرتا
ہے- ۱۳ خداوند قادر مطلق نے یہ ارادہ کر لیا ہے کہ ان لوگوں نے جو کچھ
بنایا تھا ان سب کو ایک آگ بھسم کر دے گی- ان کا بنا بنایا رائیگاں
جائے گا- ۱۴ پھر ہر کوئی خداوند کے جلال کو جان جائے گا اور اس کا
عرفان ایسے ہی پھیل جائے گا- جیسے سمندر میں پانی پھیلا ہو- ۱۵ اسکا بُرا
ہو جو اپنے پڑوسی کو نشہ آور بناتا ہے تب مئے میں زہر ملاتا ہے اُسکے ننگا پن
کو دیکھنے کے لئے-
۱۶ "لیکن وہ شخص خداوند کے غصّہ کو جانے گا- وہ غصّہ خداوند کے
داہنے ہاتھ میں ایک زہر کے پیالہ کے مانند ہونگے-
وہ آدمی اُس غصّہ کو چکھے گا اور نشے میں چور آدمی کی طرح زمین
پر گر پڑیگا- "بُرا حاکم تم اس پیالہ سے پیوگے تمہیں رسوائی ملے گی، تعظیم
نہیں- ۱۷ لبنان میں تم نے کئی لوگوں کو ہلاک کیا- تم نے وہاں کئی
مویشیوں کو تباہ کیا- اسلئے جو لوگ مر گئے اسکی وجہ سے اور زمین کو برباد کرنے
کے لئے تم نے جو بُرے کام کئے اسکی وجہ سے تم خوفزدہ ہوگے- تم نے
ان شہروں اور انکے شہریوں کے لئے جو کئے اسکےوجہ سے بھی تم خوفزدہ
ہوگے-"

## بتوں کے بارے میں پیغام

۱۸ جھوٹے خداؤں کے مورتی کا کیا فائدہ کہ کاریگروں نے اس کو کھود
کر بنایا - دھات کی مورتیوں اور اسکے جھوٹے پیغامات کا کیا فائدہ-
مورتیوں کا بنانے والا مورتی پر جسے وہ بنایا ہے کیوں بھروسہ کریگا جو کہ بول
بھی نہیں سکتا ہے- ۱۹ اس پر افسوس جو لکڑی سے کہتا ہے، "جاگ!"
اور بے زبان پتھر سے کہتا ہے، "اٹھ!" کیا وہ تعلیم دے سکتا ہے؟ دیکھ وہ
سونے چاندی سے مڑھا ہے لیکن اس میں مطلق دم نہیں-
۲۰ (مگر خداوند بالکل مختلف ہے-) خداوند اپنے مقدس ہیکل میں
رہتا ہے- اسلئے ساری زمین کو خاموش رہنا چاہئے اور اسکی موجودگی میں اس
کے احترام کو دکھاؤ-

## حبقوق کی دُعاء

۳ شگایونوت کے سر پر حبقوق نبی کی دعاء-
۲ اے خداوند میں نے تیرے بارے میں سنا ہے- میں جلال
سے بھر گیا تھا- اے خداوند، میں ان طاقتور کاموں سے جو تو نے کیا ہے
حیرت زدہ ہوں- میں تجھ سے التجا کرتا ہوں کہ ہمارے وقت میں عظیم
کاموں کو کرو- میں تجھ سے یہ بھی التجا اور امید کرتا ہوں کہ تم ابھی بھی اُن
چیزوں کو کرتے ہو- لیکن اپنے قہر کے وقت ہم لوگوں پر رحم کرنا یاد رکھ-
۳ خدا تیمان کی جانب سے آرہا ہے- خدا مقدس کوہ فاران سے آرہا
ہے- اس کا جلال آسمان پر چھا گیا، اور زمین اس کی حمد سے معمور ہو گئی
ہے-
۴ اس کی چمک سورج کی روشنی کی مانند ہے، اس کے ہاتھ سے کرنیں
نکلتی تھی- اور اس کے ہاتھ میں قدرت چھپی ہوئی تھی-
۵ مہلک وبا اسکے آگے چلتی ہے- اور پلیگ (طاعون) اسکے پیچھے چلتی
ہے- ۶ خداوند کھڑا ہوا اور زمین کو ہلا دیا- اس نے قوموں پر تیکھی نگاہ ڈالی
اور وہ خوف سے کانپ اٹھے - ازلی پہاڑ پارہ پارہ ہو گئے- قدیم پہاڑی جھک
گئے- خدا شروع سے ہی ایسا رہا ہے-

۷اُس وقت میں نے کوشن اورمدیان کے شہروں اورگھروں کو کانپتے
دیکھا۔
۸اے خدا وند کیا تو ندیوں پر خفا تھے۔ کیا تیرا قہر دریاؤں پر تھا۔
کیاسمندر تیرے غضب کا نشانہ بن گیا؟ کیا یہی وجہ ہے کہ تو فتح کے لئے
اپنے گھوڑوں اور رتھوں پر سوار ہوئے ۔اب میں دیکھتا؟ ۹ تو نے اپنی
کمان ترکش سے نکالی اور تیر نشانے پرلگا۔ پانی کے جھرنے زمین کو چیرنے
کے لئے پھوٹ پڑے۔
۱۰ پہاڑوں نے تجھے دیکھا اور وہ کانپ اٹھے۔ بادل نے پانی برسایا۔
سمندر شور کرنے لگااور موجیں بلند ہوئیں۔
۱۱ آفتاب اور مہتاب اب بھی آسمان میں ہے۔ انہوں نے جب
تمہاری بجلی کی چمک کو دیکھا تو چمکنا چھوڑ دیا۔ وہ بجلیاں ایسی تھیں جیسے
پھینکے ہوئے بھالے یا جیسے ہوامیں چھوڑے ہوئے تیر ہوں۔
۱۲ تو اپنے غصّہ میں زمین سے ہو کر گذرا اور ملکوں کو روند ڈالا۔
۱۳ تو ہی اپنے لوگوں کو بچانے آیا تھا۔ تو ہی اپنے منتخب (مسح کئے
ہوئے) بادشاہ کو بچانے آیا تھا۔ تو نے شریر کے سرداروں کو روند ڈالا۔اور
اُسے سر سے پیر تک مٹادیا۔
۱۴ تو نے اپنے تیروں سے انکے سپاہیوں کے سروں کو چھید دیا جو
دھول کے آندھی کی طرح ہملوگوں کو تتر بتر کرنے کے لئے بہا۔ وہ لوگ
بڑی حرص بھری نگاہ سے دیکھا یہ سوچتے ہوئے کہ غریبوں کو نگل جائیں
گے ان جنگلی جانوروں کی طرح جو اپنی شکار کو ماند میں کھا جاتا ہے۔
۱۵ لیکن تو نے سمندر کو اپنے ہی گھوڑوں سے پار کیا تو نے عظیم پانی
کو ہلا دیا۔
۱۶ میں نے سنااور اسکے ساتھ میرا دل دہل گیا۔ میرے ہونٹ ہلنے
لگے۔ میری ہڈیاں بہت کمزور ہو گئیں اور میں کھڑے کھڑے کانپنے لگا۔
لیکن میں صبر کے ساتھ انلوگوں پر آنے والے مصیبت کا انتظار کرتا ہوں
جنہوں نے ہملوگوں پر حملہ کیا تھا۔

## خداوند میں ہمیشہ شادماں رہو

۱۷ اگرچہ انجیر کا درخت نہ پھولے اور تاک میں پھل نہ لگے اور زیتون
کا حاصل ضائع ہو جائے اور کھیتوں میں کچھ پیدا وار نہ ہو اور بھیڑ خانہ سے
بھیڑیں جاتی رہیں اور طویلوں میں مویشی نہ ہوں۔
۱۸ لیکن پھر بھی میں خداوند سے خوش رہوں گا۔ میں اپنے نجات
دہندہ خدا سے خوش ہوؤنگا۔
۱۹ خداوند جو میرا مالک ہے مجھے طاقت دیتی ہے۔ وہ میرے پیر کو
ہرن کی طرح تیز دوڑاتا ہے۔ وہ مجھے حفاظت کے ساتھ پہاڑوں کے اوپر چلنے
میں مدد کرتا ہے۔ میر مغنی کے لئے میرے تار دار سازوں کے ساتھ۔

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**
- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from:
http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from:
http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html